1۔ اردو کا تعلق کس خاندان سے ہے۔

(A)ہندیوروپی (B)سامی (C)دراوڑی (D)ہند چینی

2۔ ماہرین لسانیات نے ہندوستان میں ہند آریائی زبانوں کے ارتقا کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے۔

(A) پانچ (B) سات (C) چار (D) تین

3۔ پراکرت کے ادبی روپ کو کیا کہتے ہیں؟۔

(A)برج بھاشا (B)اپ بھرنش (C)پالی (D)شورسینی

4۔ ان میں سے کونسی کتاب سرسید کی سوانح عمری سے عبارت ہے؟۔

(A)حیات جاوید (B)یادوں کی برات (C)حیات سعدی (D)میری یادوں کے چنار

5۔ ''اردو زبان دکن میں پیدا ہوئی'' یہ کس کا نظریہ ہے۔

(A)سید سلیمان ندوی (B)نصیر الدین ہاشمی (C)محمود شیرانی (D)مسعود حسین خان

6۔ اخلاقِ محسنیٰ' کا اردو ترجمہ میر امنؔ نے کس نام سے کیا تھا۔

(A)باغ و بہار (B)آرائش محفل (C)اخلاق ہندی (D)گنج خوبی

7۔ ولیؔ دکنی کی پیدائش کہاں ہوئی۔

(A)حیدر آباد (B)نظام آباد (C)اورنگ آباد (D)مراد آباد

8۔ اردو زبان کے آغاز کا سہرا سندھ کے سر کس ماہر لسانیات نے باندھا تھا۔

(A)شوکت سبزواری (B)سید سلیمان ندوی (C)محی الدین قادری زور (D)محمد حسین آزاد

9۔ ان میں سے کون ماہر لسانیات نہیں ہے۔

(A)پروفیسر مسعود حسین خان (B)محمود شیرانی

(C)شوکت سبزواری (D)سید احتشام حسین

10۔ مراسلے کو مکالمہ کس نے بنایا۔

(A)سرسید (B)غالب (C)ابوالکلام آزاد (D)اقبال

11۔ مولانا شبلیؔ نے حالیؔ کی کس کتاب کو مدلل مداحی اور کتاب المناقب کہا تھا۔

(A)حیات جاوید (B)یادگار غالب (C)حیات سعدی (D) مجالس النسا

12۔ ابولاکلام آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے۔

(A)1885۔لاہور (B)1888۔مکہ معظمہ

(C)1884۔دہلی (D)1887۔کلکتہ

13۔ مغربی ہندی سے نکلی ہوئی پانچ بولیوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A)کھڑی بولی۔برج بھاشا۔بندیلی۔ہریانی۔اپ بھرنش

(B)برج بھاشا۔بندیلی۔قنوجی۔ہریانی۔کھڑی بولی

(C)کھڑی بولی۔پنجابی۔بندیلی۔برج بھاشا۔ہریانی

(D)ہریانی۔کھڑی بولی۔برج بھاشا۔بندیلی۔سندھی

14۔مسعود حسین خان کی کتاب کی نشاندہی کیجئے۔

(A)ہندوستانی لسانیات (B)دکن میں اردو (C)مقدمہ تاریخ زبان اردو (D)اردو لسانیات

15۔ مثنوی 'کدم راو پدم راو' میں کون راجہ کدم راو کا روپ دھار لیتا ہے۔

(A)وزیر (B)کوڑیال (C)سپاہی (D)جوگی

16۔ ’خوش نامہ‘ کس صوفی بزرگ کی تخلیق ہے۔

(A)خواجہ بندنواز گیسودراز (B)میراں جی شمس العشاق

(C)برہان الدین جانم (D)شاہ کمال الدین

17۔ عادل شاہی حکمرانوں میں ’جگت گرو‘ کس حکمراں کا لقب تھا۔

(A)ابراہیم عادل شاہ ثانی (B)یوسف عادل شاہ

(C)محمد عادل شاہ (D)علی عادل شاہ

18۔برہان الدین جانم کی تصنیف کا نام کیا ہے۔

(A)کلمۃ الحقائق (B)فتح نامہ بکھیری (C)جنت سنگھار (D)ابراہیم نامہ

19۔ خاقانی ہند کس شاعر کا خطاب ہے۔

(A)غالب (B)میر انیس (C)ذوق (D)امجد حیدر آبادی

20۔رستمی کی مثنوی کا نام کیا ہے۔

(A)گلشن عشق (B)یوسف وزلیخا (C)جنت سنگھار (D)خاور نامہ

21۔ ’’تاریخ اسکندری‘‘ کس کی تخلیق ہے۔

(A)نصرتی (B)غواصی (C)رستمی (D)ابن نشاطی

22۔ منوہر اور مدمالتی کس دکنی مثنوی کے کردار ہیں۔

(A)خاور نامہ (B)گلشن عشق (C)علی نامہ (D)پھول بن

23۔ ملاوجہی کس حکمراں کے دربار کا ملک الشعرا تھا۔

(A)یوسف عادل شاہ (B)ابراہیم قطب شاہ (C)سلطان قطب شاہ (D)محمد قلی قطب شاہ

24۔ ’سب رس‘ کا قصہ کس کتاب سے ماخوذ ہے۔

(A)قصہ حسن ودل (B)کربل کتھا (C)چہار درویش (D)نوطرز مرصع

25۔ غواصیؔ کی مثنویوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) میناستونتی۔چندربدن مہیار۔طوطی نامہ

(B)سیف الملوک بدیع الجمال۔طوطی نامہ۔پھول بن

(C)میناستونتی۔سیف الملوک بدیع الجمال۔طوطی نامہ

(D)طوطی نامہ۔یوسف وزلیخا۔سیف الملوک بدیع الجمال

26۔ لکھنو میں ریختی گوئی کو کن شعرا نے پروان چڑھایا۔

(A)رنگین وانشا (B)ذوق ومومن

(C)شاہ حاتم ومظہر جان جاناں (D)انیس ودبیر

27۔ اصلاح زبان کی تحریک کس شاعر کا اصل کارنامہ ہے۔

(A) ناسخ (B)میر تقی میر (C)غالب (D)سودا

28۔ دبستان لکھنو کی نمایاں خصوصیت کیا ہے۔

(A)سادگی وسلاست (B)مرصع کاری اور تصنع وتکلف

(C)فلسفہ اور تصوف (D)حزن وملال

29۔ ان میں سے صوفی شاعر کی نشاندہی کیجئے۔

(A) میر انیس (B)مومن خان مومن (C)میر درد (D)دیاشنکر نسیم

30۔ مثنوی ایک۔۔۔۔۔۔صنف سخن ہے۔

(A)داخلی (B)بیانیہ (C)رزمیہ (D)غیر مربوط

31۔ میر حسن کا انتقال کب اور کہاں ہوا۔

(A) 1786۔ لکھنو
(B) 1788۔ دہلی
(C) 1789۔ آگرہ
(D) 1790۔ فیض آباد

32۔ گریز کس صنف شاعری کا جزو ہے۔

(A)مثنوی (B)مرثیہ (C)غزل (D)قصیدہ

33۔ نظم 'تصویر درد' اقبالؔ کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے۔

(A)بانگ درا (B)ضرب کلیم (C)ارمغان حجاز (D)بال جبرئیل

34۔ مثنوی 'گلزار نسیم' میں بادشاہ زین الملوک کے کل کتنے بیٹے تھے اور ان میں تاج الملوک کا نمبر کیا تھا۔

(A)پانچ بیٹے اور تاج الملوک کا نمبر دوسرا تھا
(B)چار بیٹے اور تاج الملوک کا نمبر پہلا تھا
(C)پانچ بیٹے اور تاج الملوک کا نمبر پانچواں تھا
(D) چھے بیٹے اور تاج الملوک کا نمبر چوتھا تھا

35۔ 'مستند ہے میرا فرمایا ہوا'
یہ مصرع کس شاعر کا تخلیق کردہ ہے۔

(A)میر تقی میر (B)ذوق (C)سودا (D)میر انیس

36۔ نواب مرزا شوقؔ لکھنوی کا اصل نام اور سال وفات کیا ہے۔

(A)سرور حسین۔1874
(B)لطیف حسین۔1870
(C)حیدر حسین۔1872
(D)تصدق حسین۔1871

37۔ مثنوی 'زہر عشق' کی ہیروئین مہ جبین کس کی بیٹی ہے۔

(A)بادشاہ کی بیٹی (B)وزیر کی بیٹی (C)سوداگر کی بیٹی (D) جاگیردار کی بیٹی

38۔ چہرہ اور رخصت کس صنف شاعری کے اجزا ہیں۔

(A)مثنوی (B)مرثیہ (C) قصیدہ (D)غزل

39۔ ایک روشن دماغ تھا نہ رہا

شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا

ایک روشن دماغ اور اک چراغ تھا نہ رہا سے حالیؔ کا اشارہ کس کی طرف ہے۔

(A)سر سید (B)میر تقی میر (C)مرزا رفیع سودا (D)غالب

40۔ صحیح مصرع لگا کر میر انیسؔ کا یہ شعر مکمل کیجئے۔

توفیض کا مبدا ہے توجہ کوئی دم کر

------------------

(A)یارب چمنِ نظم کو گلزار ارم کر (B)گمنام کو اعجاز بیانوں میں رقم کر

(C)اے ابر کرم خشک زراعت پہ کرم کر (D)در پہ ترے پڑے ہیں ہم پہ تو رحم کر

41۔ شاعری میں اقبالؔ نے اپنے ابتدائی زمانے میں کس استاد سخن سے اصلاح لی تھی۔

(A)حالی (B)داغ (C)ذوق (D)اکبر الہ آبادی

42۔ تھی نہ شاید کچھ کشش ایسی وطن کی خاک میں

وہ مہ کامل ہوا پنہاں دکن کی خاک میں

اس شعر میں مہ کامل اور دکن کی خاک سے اقبال کی مراد کیا ہے۔

(A)مہ کامل۔ داغ (B)مہ کامل۔ غالب

دکن کی خاک۔ حیدرآباد دکن کی خاک۔ کرنول

(C)مہ کامل۔ حالی (D)مہ کامل۔ مولانا آزاد

دکن کی خاک۔ بیجاپور دکن کی خاک۔ نظام آباد

43۔ 'حجت الاسلام' نذیر احمد کے کس ناول کا کردار ہے۔

(A)مراۃ العروس (B)ابن الوقت (C)فسانہ مبتلا (D)ایامیٰ

44۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ : کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے انداز بیان اور

دلیل : کیونکہ غالبؔ نے اردو شاعری کو نئے مضامین اور نیا لب ولہجہ دیا

(A) دعوی بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح (B)دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط

(C)دعویٰ بھی غلط اور دلیل بھی غلط (D)دعوی غلط ہے اور دلیل صحیح

45۔ اردو کے کس شاعر نے درباری زندگی اور مدح گوئی کو پسند نہیں کیا اور بادشاہوں اور امیروں کی خوشامد انھیں گوارا نہیں ہوئی۔

(A)غالبؔ (B)دردؔ (C)میرؔ (D)سوداؔ

46۔ بہادر شاہ ظفرؔ کے اساتذہ کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A)درد۔شاہ حاتم۔ذوق (B)خان آرزو۔درد۔میر تقی میر

(C)شاہ نصیر۔ذوق۔غالب (D)میر حسن۔درد۔ذوق

47۔ ذیل میں ایک بیان اور ایک دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

بیان : دو گز زمیں بھی نہ ملی کوئے یار میں (بہادر شاہ ظفرؔ)

دلیل : کیونکہ لال قلعہ میں دفن کے لیے کوئی جگہ باقی نہیں تھی

(A)بیان صحیح ہے اور دلیل غلط (B)بیان غلط ہے اور دلیل صحیح

(C) بیان بھی غلط اور دلیل بھی غلط (D)بیان بھی صحیح اور دلیل بھی صحیح

48۔ 'کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے' یہ مشہور زمانہ مصرع کس شاعر کا ہے۔

(A)میر تقی میر (B)ذوق (C)سودا (D)غالب

49۔ فکر معاش، عشق بتاں، یادِ رفتگاں

اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے

یہ شعر کس شاعر کا ہے۔

(A)مومن (B)غالب (C)سودا (D)ذوق

50۔ مرزا رفیع سودا ؔ کس سنہ میں اور کہاں وفات پائی۔

(A)1780 ۔ دہلی (B)1781۔ لکھنؤ

(C)1782 ۔ آگرہ (D) 1783 ۔ فیض آباد

51۔ 'داغ جگر' اور' شعلہ ٔطور' کے علاوہ جگر مراد آبادی کے تیسرے مجموعے کا نام کیا ہے۔

(A)آتش گل (B)آبشار (C)نو بہاراں (D)نغمہ گل

52۔ فراق ؔ کی رباعیات پر مشتمل مجموعہ کا نام کیا ہے۔

(A)سوز و ساز (B)روپ (C)نغمہ راز (D)نقش جمیل

53۔ اکبر الہ آبادی کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

(A)ترجمان العصر (B)لسان الغیب (C)لسان العصر (D)گنجینہ العصر

54۔ ذیل کے شعر کو صحیح لفظ لگا کر مکمل کیجئے۔

فرزند پیمبر کا مدینے سے سفر ہے

سادات کی بستی کے۔۔۔۔ کی خبر ہے

(A)سنورنے (B)بکھرنے (C)اکھڑنے (D)اجڑنے

55۔ صحیح بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A)مراۃ العروس اردو کا پہلا ناول ہے (B)اردو ڈرامے کا موجد حبیب تنویر ہے

(C)سرشار اردو کا پہلا افسانہ نگار ہے (D)فسانہ آزاد محمد حسین آزاد کی تصنیف ہے

56۔ مخمس کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(A) چار　　(B) چھے　　(C) پانچ　　(D) سات

57۔ 'سیاہ حاشیے' کس کا افسانوی مجموعہ ہے۔

(A) منٹو　　(B) کرشن چندر　　(C) عصمت چغتائی　　(D) قرۃ العین حیدر

58۔ رومان اور انقلاب کا حسین امتزاج کس شاعر کے یہاں ملتا ہے۔

(A) اصغر گونڈوی　　(B) فیض　　(C) کیفی اعظمی　　(D) اسماعیل میرٹھی

59۔ عوامی زندگی، میلوں، تہواروں، موسموں اور پھلوں پر نظمیں سب سے زیادہ کس شاعر نے لکھیں۔

(A) اکبر الہ آبادی　　(B) نظیر اکبر آبادی　　(C) فراق گورکھپوری　　(D) حسرت موہانی

60۔ انجمن پنجاب کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا تھا۔

(A) 1860 ۔ پنجاب　　(B) 1862 ۔ سیالکوٹ

(C) 1864 ۔ دہلی　　(D) 1865 ۔ لاہور

61۔ رئیس المتغزلین کس شاعر کو کہتے ہیں۔

(A) ناصر کاظمی　　(B) علامہ اقبال　　(C) جوش ملیح آبادی　　(D) جگر مراد آبادی

62۔ ڈپٹی نذیر احمد نے 'مراۃ العروس' کس مقصد کے تحت لکھی تھی۔

(A) حکومت سے انعام پانے کے لیے　　(B) اپنی بیٹی کو اردو سکھانے کے لیے

(C) تحریری مقابلے کے لیے　　(D) اپنے مصاحبین سے داد پانے کے لیے

63۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار اپنا ناول 'فسانہ آزاد' قسط وار کس اخبار میں شائع کیا تھا۔

(A) اودھ پنچ　　(B) زمیندار　　(C) اودھ اخبار　　(D) جام جہاں نما

64۔ عبد الحلیم شرر نے کونسا رسالہ جاری کیا تھا جس میں ان کے ناول شائع ہوتے تھے۔

(A)جام جہاں نما (B)زمیندار (C)اودھ پنچ (D)دل گداز

65۔ گوہر مرزا اور رام دئی کس ناول کے کردار ہیں۔

(A) امراو جان ادا (B)ابن الوقت (C)فردوس بریں (D)زوال بغداد

66۔ کس ناول نگار نے شعور کی رو سے اپنے ناولوں میں بہت کام لیا ہے۔

(A)پریم چند (B) کرشن چندر (C)نذیر احمد (D)قرۃ العین حیدر

67۔ قرۃ العین حیدر کے سوانحی ناول کی نشاندہی کیجئے۔

(A)سفینہ غم دل (B)کار جہاں دراز ہے (C)میرے بھی صنم خانے (D)چاندنی بیگم

68۔ پریم چند کا اصل نام کیا تھا۔

(A)اجپت رائے (B)دیپک رائے (C)دھنپت رائے (D)سندیپ رائے

69۔ ان میں سے کون سا مجموعہ جوش ملیح آبادی کا نہیں ہے۔

(A)حرف وحکایت (B) آیات ونغمات

(C) آؤ کہ کوئی خواب بنیں (D) سنبل وسلاسل

70۔ ان میں سے کونسا ناول کرشن چندر کا نہیں ہے۔

(A)سودائی (B)ایک وائلن سمندر کے کنارے

(C) آسمان روشن ہے (D)الٹا درخت

71۔ لذت سنگ' اور 'دھواں' کس فنکار کے افسانوں کے مجموعے ہیں۔

(A) منٹو (B)عصمت چغتائی (C)خواجہ احمد عباس (D)راجندر سنگھ بیدی

72۔ رسالہ 'تہذیب الاخلاق' کس سنہ میں جاری ہوا اور کب بند ہوا۔

(A) 1870- 1876 (B) 1872 – 1875

(C) 1873- 1877 (D) 1875 – 1879

73۔ عصمت چغتائی کے کس افسانے پر فحاشی کا الزام لگا تھا۔

(A) کلیاں (B)لحاف (C) چھوئی موئی (D)دو ہاتھ

74۔ 'مقدمہ شعر و شاعری' کو اردو کا پہلا مینو فیسٹو کس نے کہا تھا۔

(A)شمس الرحمن فاروقی (B)رشید احمد صدیقی

(C)آل احمد سرور (D)کلیم الدین احمد

75۔ 'ہولی' کس افسانے کا کردار ہے۔

(A)گرہن (B)نمک کا داروغہ (C)کالی شلوار (D)انداتا

76۔ ''مشاہرہ انسان دیتا ہے۔ اس لیے اس میں برکت نہیں ہوتی۔ بالائی رقم غیب سے ملتی ہے اس لیے اس میں برکت ہوتی ہے اور تم خود عالم و فاضل ہو تمہیں کیا سمجھاو ں۔''

یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے۔

(A)ہم وحشی ہیں (B)کالو بھنگی (C)تلادان (D)نمک کا داروغہ

77۔ تاریخی ترتیب کے لحاظ سے جدید شعرا کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A)جوش۔ مجاز۔ مخدوم۔ فیض۔ سردار جعفری (B)سردار جعفری۔ جوش۔ مجاز۔ فیض۔ مخدوم

(C)مخدوم۔ جوش۔ مجاز۔ فیض۔ سردار جعفری (D)فیض۔ سردار جعفری۔ جوش۔ مجاز۔ مخدوم

78۔ فیض احمد فیضؔ کی کتاب 'نسخہ ہائے وفا' میں کل کتنے شعری مجموعے شامل ہیں۔

(A)دس (B) آٹھ (C)سات (D)چھے

79۔ علی سردار جعفری کے شعری مجموعے میں پرواز۔خون کی لکیر۔ نئی دنیا کو سلام۔ایشیا جاگ اٹھا کے علاوہ ۔۔۔۔۔شامل ہے۔

(A)غم دوراں (B)اوراق مصور (C)ایک خواب اور (D)شکست زنداں

80۔ ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا۔

(A)عبدالقیوم (B)عبدالحی (C)عبدالمناف (D)عبدالحمید

81۔ سرخ سویرا، گل تر اور بساط رقص کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں۔

(A)حسرت موہانی (B)اصغر گونڈوی (C)شاد عظیم آبادی (D)مخدوم محی الدین

82۔ 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' یہ مشہور انشائیہ کس کی تخلیق ہے۔

(A)پطرس بخاری (B) کنھیالال کپور (C)ملارموزی (D)رشید احمد صدیقی

83۔ "جو احسان ولیؔ نے اردو شاعری پر کیا تھا وہی احسان گل گرسٹ نے اردو نثر پر کیا ہے۔" یہ قول کس دانشور کا ہے؟

(A)مولوی عبدالحق (B)محمد حسین آزاد (C)احتشام حسین (D)گوپی چند نارنگ

84۔ اردو میں تاریخی ناول لکھنے کا آغاز کس ناول نگار نے کیا تھا۔

(A)سرشار (B)عبدالحلیم شرر (C)ڈپٹی نذیر احمد (D)مرزا ہادی رسوا

85۔ سرمد اور داراشکوہ کس مشہور ڈرامے کے کردار ہیں۔

(A)پردہ غفلت (B)رستم وسہراب (C)خانہ جنگی (D)آگرہ بازار

86۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(A)سرسید۔ مقدمہ شعروشاعری (B)حالیؔ۔ شعرالعجم

(C)محمد حسین آزاد۔ نیرنگ خیال (D)شبلی۔ اسباب بغاوت ہند

87۔ 'ایک وصیت کی تکمیل' میں فرحت اللہ بیگ نے کس ادیب کا خاکہ کھینچا ہے۔

(A)سر سید (B)وحید الدین سلیم (C)مولانا حالی (D) ڈپٹی نذیر احمد

88۔ رشید احمد صدیقی کے خاکوں کا پہلا مجموعہ کونسا ہے۔

(A)ہم نفسان رفتہ (B)ذاکر صاحب (C)گنج ہائے گراں مایہ (D)خنداں

89۔ 'شام شعر یاراں' کس کی تصنیف ہے۔

(A)مشتاق احمد یوسفی (B)پطرس بخاری (C)کنہیا لال کپور (D)فیض احمد فیض

90۔ مشتاق احمد یوسفی نے اپنا مضمون 'ایسا کہاں سے لاوں کہ تجھ سا کہیں جسے' کس شاعر کی یوم پیدائش کی تقریب میں سنایا تھا؟

(A)غالب (B)میر تقی میر (C)اقبال (D)فیض احمد فیض

91۔ 'غالب جدید شعرا کی مجلس میں' کس مزاح نگار کا مضمون ہے۔

(A)ملا رموزی (B)پطرس بخاری (C)کنہیا لال کپور (D)شوکت تھانوی

92۔ مرزا غالب نے اپنے مصاحبین میں سب سے زیادہ خطوط کس کے نام لکھے تھے۔

(A)ہر گوپال تفتہ (B)یوسف مرزا (C)مہدی حسین مجروح (D)حاتم علی مہر

93۔ حلقہ ارباب ذوق سے پہلے اس تحریک کا نام کیا تھا۔

(A) مجلس دانشوران ادب (B) مجلس تنظیم ادب

(C) مجلس داستان گویاں (D) مجلس شعر گویاں

94۔ ان میں سے حبیب تنویر کا ڈراما کون سا ہے۔

(A)رستم و سہراب (B)دیکھ رہے ہیں نین (C) آگرہ بازار (D)خانہ جنگی

95۔ 'ایران میں اجنبی' اور 'گمان کا ممکن' کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں۔

(A)جاں نثار اختر (B)مجاز (C) کیفی اعظمی (D)ن۔م راشد

96۔ ن۔م راشد کس سنہ میں پیدا ہوئے اور کہاں وفات پائی۔

(A)1910۔برطانیہ (B) 1912 ۔امریکہ

(C)1914 ۔پنجاب (D) 1916 ۔لاہور

97۔ ان میں سے کون سی کہانی خواجہ احمد عباس کی نہیں ہے۔

(A)سوتیلی ماں (B)ایک لڑکی سات دیوانے

(C) یہ بھی تاج محل ہے (D)نیا شوالہ

98۔ ڈراما 'رستم و سہراب' میں رستم کا مقام و منصب کیا ہے۔

(A)ترکی فوج کا سپہ سالار (B)ایرانی فوج کا سپہ سالار

(C)عراقی پہلوان (D)افغانی فوج کا سردار

99۔ میرا جی کے شعری مجموعہ کا نام کیا ہے۔

(A)نو بہاراں (B)شعلہ طور (C)سہ آتشہ (D)روح رواں

100۔ محمد حسین آزاد کی تنقید کا ایک بڑا عیب ان کی ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A)ایہام گوئی (B)بد کلامی (C)جانب داری (D)فحش گوئی

101۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A)ادب اور زندگی۔ مجنوں گورکھپوری (B)اردو تنقید پر ایک نظر۔ مولانا شبلی

(C)موازنہ انیس و دبیر۔ مولانا حالی (D)تنقیدی جائزے۔ کلیم الدین احمد

102۔ احتشام حسین کی تنقیدی تصنیف کی نشاندہی کیجئے۔

(A)ادب اور نظریہ (B)نئے اور پرانے چراغ

(C)تنقیدی اشارے (D)عکس اور آئینے

103۔ شمس الرحمن فاروقی کی تصنیف ' شعر شور انگیز' کل کتنی جلدوں پر مشتمل ہے۔

(A)چھے (B)پانچ (C)تین (D)چار

104۔ ''میں ادب کا مقصد ذہنی عیاشی سمجھتا ہوں نہ اشتراک کا پرچار''۔

یہ قول کس نامور نقاد کا ہے؟

(A) مجنوں گورکھپوری (B)احتشام حسین (C)آل احمد سرور (D)گوپی چند نارنگ

105۔ وہ نظم جو قافیہ اور ردیف سے آزاد مگر وزن و بحر پر مبنی ہوتی ہے کیا کہلاتی ہے۔

(A)پابند نظم (B)آزاد نظم (C)معریٰ نظم (D)نثری نظم

106۔ مندرجہ ذیل شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے۔

پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی

ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

(A)حسن تعلیل (B)تجاہل عارفانہ (C)مراعات النظیر (D)تلمیح

107۔ داستان 'باغ و بہار' کا زندہ جاوید کردار کونسا ہے۔

(A)ماہ رخ (B)خواجہ سگ پرست (C)آزاد بخت (D)شہزادہ فارس

108ذیل میں جو اہل قلم کے نام اور کتابیں درج کی گئیں ہیں انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

1۔ جوش ۔ گودان

2۔ سرشار ۔ شکست

3۔ اقبال ۔ ابن الوقت

4۔ قرۃ العین حیدر ۔ بدلی کا چاند

(A) جوش۔ بدلی کا چاند (B) سرشار۔ ابن الوقت

(C) اقبال۔ گودان (D) قرۃ العین حیدر۔ شکست

109۔ شاد عظیم آبادی کی غزلوں کا دیوان کس نام سے شائع ہوا۔

(A) ریاض رواں (B) نغمہ الہام (C) گل کدہ (D) انجم کدہ

110۔ کس شاعر کو یاسیت کا امام کہا جاتا ہے۔

(A) جگر (B) ساحر لدھیانوی (C) فیض (D) فانی

111۔ فانی بدایونی کے سنہ ولادت اور وفات کی نشاندہی کیجئے۔

(A) 1874- 1939 (B) 1879 – 1941

(C) 1875 – 1940 (D) 1977 – 1943

112۔ ڈراما 'ضحاک' کا مرکزی خیال کیا ہے۔

(A) تقسیم ہند کے فسادات پر مشتمل ہے

(B) بنگال کے قحط کی حالت زار کا نقشہ ہے

(C) ایمر جنسی کے جبر و استبداد کے خلاف احتجاج ہے

(D) غریب کسانوں کی آہ وزاری کی داستان ہے

113۔ محمد حسن کے منتخب ریڈیائی ڈراموں کا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا۔

(A) 1955 ۔ پیسہ اور پرچھائیں (B) 1952 ۔ مور پنکھی

(C) 1954 ۔ کہرے کا چاند (D) 1956 ۔ تماشا اور تماشائی

114۔ 'عود ہندی' اور اُردوئے معلیٰ' کس صنف ادب کے مجموعے ہیں۔

(A)خاکوں (B)انشائیوں (C)مضامین (D)خطوط

115۔ 'غبار خاطر' میں شامل خطوط ابوالکلام آزاد نے کہاں بیٹھ کر لکھے تھے۔

(A) قلعہ احمد نگر جیل (B) قلعہ جمنا نگر جیل

(C) قلعہ جمشید نگر جیل (D)تہار جیل

116۔ 'اکبر شیر کی طرح بہادر ہے' اس جملے میں حرف تشبیہ کی نشاندہی کیجئے۔

(A)۔ طرح (B)۔اکبر (C)۔ شیر (D)۔ بہادر

117۔ وہ حروف جو دو جملوں کے درمیان ربط اور تعلق پیدا کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

(A)۔ حروف ندا (B)۔ حروف علت (C)۔ حروف شرط (D)۔ حروف جار

118۔ جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اس کو۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(A)فعل ناقص (B)فعل مجہول (C)فعل لازم (D)فعل متعدی

119۔ دہلوی اور کشمیری کی مثالوں کا تعلق کس صفت کے زمرے سے ہے۔

(A)صفت عددی (B)صفت نسبتی (C)صفت مقداری (D)صفت ذاتی

120۔ ذیل میں دی گئی مثالوں میں سے 'اسم جمع' کی نشاندہی کیجئے۔

(A)مسجد۔ مندر (B) صبح۔شام (C)فوج۔انجمن (D)چاقو۔ تلوار

---